14.10.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... اسداللہ

Music

☆ بھارت نے، بھارت-آسیان مشترکہ تحقیقی ایجنڈہ تیار کرنے اور بحری سکیورٹی اور اُبھرتی ٹیکنالوجیز پر توجہ مرکوز کرنے کی تجویز دی ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ دنیا نئے بین الاقوامی نظام کی جانب بڑھ رہی ہے۔ کئی ممالک عالمی معاملات میں وسیع تر رول ادا کررہے ہیں۔

☆ مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ملک کا سرکاری قرض کا تناسب، مجموعی گھریلو پیداوار GDP کے مقابلے میں، 61 فیصد سے کم ہوکر 55 فیصد رہ گیا ہے۔

☆ اس سال ستمبر میں تھوک قیمتوں کے اشارئے کی افراط زر بڑھ کر 11 اعشاریہ تین نو فیصد ہوگئی ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے جموں وکشمیر، لداخ، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، آج حیدرآباد میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان چوتھا ٹی-ٹوینٹی بین الاقوامی میچ کھیلا جائے گا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

RAJNATH-ASEAN INDIA DEFENCE

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت اور آسیان ایک پُرامن، مستحکم اور کھلے بھارت-بحرالکاہل خطے کے بارے میں مشترکہ مفادات رکھتے ہیں۔ آج صبح نئی دلّی میں آسیان-بھارت دفاعی تھنک ٹینک فورم سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ آسیان کو بھارت-بحرالکاہل خطے سے متعلق بھارت کے نظریے میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی مشرق نواز پالیسی، جنوب مشرقی ایشیائی ملکوں کے ساتھ مساوی شراکت دار کی حیثیت سے کام کرنے کیلئے بھارت کے طویل مدتی عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

1400- Rajnath on Asean

جناب سنگھ نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ بحر ہند اور جنوب مشرقی ایشیاء کے سمندری علاقے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ایک واحد بحری خطہ تشکیل دیتے ہیں، اس لئے اس کی حفاظت ایک مشترکہ ذمہ داری ہے۔ سال 2026 کو آسیان بھارت بحری تعاون کا سال قرار دیئے جانے کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے سمندری حدود سے متعلق نگرانی اور معلومات میں اضافے، اطلاعات کے تبادلے کو بہتر بنانے اور ہنگامی حالات، بحری قزاقی اور غیر قانونی ماہی گیری سے نمٹنے کیلئے اجتماعی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔×

VAISHNAW SEMICONDUCTOR

الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ عالمی سیمی کنڈکٹر ویلو چین میں لاگت کے ساتھ ساتھ اعتماد اور سائبر سکیورٹی کی اہمیت مسلسل بڑھتی جارہی ہے۔ آج نئی دلّی میں بلومبرگ نیو اِکانومی فورم میں اظہار خیال کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت کا مقصد سیمی کنڈکٹر کے ڈیزائن، مینوفیکچرنگ اور تیار شدہ پروڈکس کی جانچ کے شعبے میں خود کو ایک قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر قائم کرنا ہے۔ وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ پائیدار مینوفیکچرنگ کیلئے ایک مکمل ایکو نظام تشکیل دینا ضروری ہے۔

1400-Vaishnaw Semiconductor

جناب ویشنو نے کہا کہ بھارت اپنی معیشت کو مضبوط بنارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پچھلے پانچ برس میں ملک کا سرکاری قرض کا تناسب، مجموعی گھریلو پیداوار GDP کے مقابلے میں، 61 فیصد سے کم ہوکر 55 فیصد رہ گیا ہے۔ وزیر موصوف نے اس بات پر زور دیا کہ بھارت کا مقصد مالیاتی اقتصادی اور تکنیکی شعبوں میں پائیداری اور مضبوطی کو بڑھانا ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ حکومت ملک کی معیشت کو مستحکم کرنے اور عالمی سطح پر پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال کے اثرات سے ملک کو محفوظ رکھنے کیلئے کام کررہی ہے، تاکہ مشکل اور اُتار چڑھاؤ کے حالات میں بھی اقتصادی ترقی کا سلسلہ جاری رہے۔×

SONOWAL-CREDIT RISK INSURANCE

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے جہاز سازی سے متعلق قومی مشن کے تحت بھارت کی جہاز سازی کی صنعت کو تعاون فراہم کرنے کی خاطر قرض خطرات سے متعلق بیمے کے دو خصوصی پروڈکٹس کا اعلان کیا ہے۔ممبئی میں بحری ریاستی ترقیاتی کونسل MSDC کی 21 ویں میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے جناب سونووال نے کہا کہ جہاز سازی کے پروجیکٹ سے متعلق کریڈٹ رِسک اِنشورنس پالیسی میں برآمدات سے متعلق پروجیکٹوں کا احاطہ کیا جائے گا، جبکہ بزنس کریڈٹ شیلڈ پالیسی شِپ بلڈرس گھریلو پروجیکٹوں کو تحفظ فراہم کریں گے۔

جناب سونووال نے کہا کہ حکومت بیمہ پریمیم پر سبسڈی فراہم کرے گی اور شِپ یارڈس کے دعووں کی صورت میں بیمہ فراہم کرنے والی کمپنیوں کو براہ راست تعاون فراہم کرے گی۔×

WPI-SEPT

بھارت کے تھوک قیمتوں کے اشاریہ WPI پر مبنی افراط زر سالانہ بنیاد پر ستمبر میں بڑھ کر 11 اعشاریہ تین نو فیصد ہوگئی، جو اگست میں 9 اعشاریہ نو دو فیصد تھی۔ کامرس اور صنعت کی وزارت کی طرف سے جاری کیے گئے عبوری اعداد و شمار کے مطابق، معدنیاتی تیل، غذائی اشیاء، خام پیٹرولیم اور قدرتی گیس، کوئلے اور Lignite، بنیادی دھاتوں، کیمکل اور کیمیائی مصنوعات، ٹیکسٹائل، ربڑ اور پلاسٹک مصنوعات کی زیادہ قیمت کی وجہ گزشتہ مہینے افراط زر میں اضافہ ہوا۔×

JAMMU-SEVA SANKALP ABHIYAN

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کرلیے ہیں۔''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔ اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ کس طرح اِس نظریے نے بھارت کی ترقی اور قومی سلامتی کے اقدامات میں اہم ستون کی حیثیت رکھنے والے اسٹریٹجک اعتبار سے اہم، سرحدی علاقوں کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنایا ہے۔

ایک رپورٹ۔ VC - Gulshan Raina

اروناچل پردیش کی Sela ٹنل اِس نظریے کے تئیں عہدبستگی کی ایک نمایاں مثال ہے۔ یہ ٹنل اسٹریٹجک اعتبار سے اہم ہے۔ Tawang خطے کو ہر طرح کے موسم میں کنکٹی وِٹی فراہم کرتی ہے۔ اِس ٹنل کو 9 مارچ 2024 کو وزیرِاعظم نریندر مودی نے ملک کے نام وقف کیا تھا اور یہ سرحدی سڑکوں کی تنظیم BRO کی طرف سے بنیادی ڈھانچے سے متعلق مکمل کیا گیا ایک تاریخی پروجیکٹ ہے۔ اروناچل پردیش کے Sela ٹنل تقریباً 13 ہزار اونچائی پر بنائی گئی ہے اور یہ شمالی ہمالیائی خطے کے دشوار گزار راستوں میں انجینئرنگ کی قابل ذکر کامیابی کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ ٹنل، خاص طور پر برفباری اور دشوار موسمی حالات میں اروناچل پردیش کے Tezpur اور Tawang کے درمیان زیادہ قابل اعتبار کنکٹی وِٹی فراہم کرتی ہے۔ بہتر کنکٹی وِٹی سے مسلح افواج، فوجی سازوسامان اور انتہائی ضروری اشیاء کے لانے لے جانے میں سہولت فراہم ہوتی ہے۔ ساتھ ہی اِس حساس سرحدی خطے میں آپریشنل تیاریوں کو بھی تقویت ملتی ہے۔ اِس پروجیکٹ سے مقامی لوگوں کو بھی بہت فائدہ ملا ہے۔ زیادہ قابل

انحصار سڑک رابطے سے حفظان صحت، تعلیم، لازمی خدمات اور بازار تک رسائی بہتر ہوسکتی ہے اور اِس سے سیاحت اور دیگر اقتصادی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملا ہے۔

جموں سے گلشن رائنا کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کیلیئے میں ......

JAISHANKAR-BLOOMBERG

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کہا ہے کہ درمیانی طاقتوں کے درمیان طے پانے والے قواعد وضوابط پر عمل درآمد میں اتفاق رائے، باہمی مفاہمت اور مشترکہ مفادات کلیدی رول ادا کریں گے۔ نئی دلّی میں بلومبرگ نیو اکانومی فارم سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے اس بات پر زور دیا کہ اب وہ دور ختم ہوچکا ہے کہ جب کوئی ملک دھمکیوں کے ذریعہ دوسرے ملکوں پر اپنی شرائط مسلط کرتا تھا۔

انہوں نے اجاگر کیا کہ دنیا ایک نئے بین الاقوامی نظام کی جانب بڑھ رہی ہے، جس میں زیادہ تعداد میں ممالک عالمی معاملات میں زیادہ موثر رول ادا کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ عالمی تبدیلی کونظم وضبط سے بدنظمی کی جانب منتقلی کے طور پرنہیں دیکھنا چاہیئے بلکہ اسے ایک مختلف نوعیت کے عالمی نظام کے ارتقاء کے طور سمجھنا چاہیئے۔×

DELHI GOVT-RESOLUTION

دلّی حکومت نے ایک قرارداد منظور کرکے وزیر اعظم نریندر مودی کو عوامی خدمات کے 25 سال مکمل کرنے کی مبارکباد پیش کی ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے شہریوں کے معیار زندگی کو بہتر بنانے، ترقی کو فروغ دینے اور ریاستوں کی ترقی کو تیز کرنے کیلیئے انتھک کام کیا ہے۔

محترمہ گپتا نے یہ بھی کہا کہ وزیر اعظم نے ہمیشہ دلّی کو ترجیح دی ہے اور اِسے لگاتار مدد فراہم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ برس فروری میں حکومت میں آنے کے بعد دلّی سرکار نے وزیر اعظم نریندر مودی کے زیر قیادت مرکزی حکومت نے تمام بڑے اقدامات کو منظوری دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دلّی حکومت نے گزشتہ برس فروری میں ذمہ داری سنبھالنے کے بعد پہلے ہی دن آیوشمان بھارت یوجنا کو منظور دی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ دلّی میں تقریباً 425 آیوشمان آروگیہ مندر قائم کیے گئے ہیں۔×

CJP LEADERS-JUDICIAL COSTODY

دلّی کی خصوصی ایگزیکٹو مجسٹریٹ کی عدالت نے آج کاکروچ جنتا پارٹی کے رہنماؤں سوربھ داس اور اشوتوش رانا کو پانچ دن کی عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے، جبکہ پارٹی کے ایک اور رہنما ابھکیا شندے کو ذاتی مچلکہ پر رہا کردیا۔ تینوں کو دلّی

پولیس نے اس الزام میں حراست میں لیا تھا کہ انہوں نے جنتر منتر میں داخل ہونے کی کوشش کی تھی۔ یہ کارروائی جنتر منتر کو احتجاجی مقام کے طور پر ختم کئے جانے کے ایک دن بعد ہوئی تھی۔×

INDIA-TB CASES

بھارت میں 2015 سے 2024 کے درمیان تپ دِق TB کے نئے مریضوں کی تعداد میں 21 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے، جبکہ عالمی سطح پر یہ کمی 12 فیصد رہی۔ بھارت میں TB کے علاج کی سہولت اور اُس کی رسائی 92 فیصد تک پہنچ گئی ہے، جبکہ عالمی اوسط 78 فیصد ہے۔ بھارت نے جانچ، جدید ٹیکنالوجی اور عوامی شراکت داری کے ذریعہ TB کے خاتمے کیلئے بڑے پیمانے پر اپنی کوششیں تیز کردی ہیں۔ TB مُکت بھارت ابھیان کے تحت اب تک 28 کروڑ سے زیادہ لوگوں کی جانچ کی جاچکی ہے۔ 20 لاکھ سے زیادہ افراد کو TB سے بچاؤ کا علاج فراہم کیا گیا ہے، جبکہ پانچ لاکھ 70 ہزار نئے Nikshay مِتر اس مہم میں شامل ہوئے ہیں۔×

IMD-WEATHER

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے جموں و کشمیر، لداخ، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں آج تیز بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے جمعہ تک ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، ہماچل پردیش، پنجاب اور مغربی راجستھان میں گرج چمک کے ساتھ ژالہ باری کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

IMD کے مطابق، آندھرا پردیش، اُڈیشہ راجستھان، وِدربھ، ہماچل پردیش، کیرلم، جنوبی اندرونی کرناٹک، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں اگلے دو کے دوران گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ IMD نے ساحلی کرناٹک، کونکن اور گوا میں آج گرمی اور حبس بھرا موسم رہنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔×

CRICKET-4th T-20

مردوں کے کرکٹ میں آج حیدرآباد میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان پانچ ٹی -ٹوینٹی بین الاقوامی میچوں کی سریز کا چوتھا میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام 7 بجے شروع ہوگا۔ بھارت نے اتوار کو اندور میں تیسرے ٹی-ٹوینٹی میچ میں ویسٹ انڈیز کو 14 رن سے ہرا کر دو-ایک کی سبقت حاصل کرلی تھی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆